Darul Tehqeeq wa Difa-e-Sahaba
دار التحقیق و دفاع صحابہ
www.sunnilibrary.com

مروجہ ماتم کی نوعیت، اس کے اثبات پر شیعی دلائل اور ان کے دندان شکن جوابات ؛

لوہے کے کڑے وغیرہ پہننا کیسا ہے؟

تالیف
مناظر اسلام شیخ الحدیث مولانا محمد علی صاحب مدظلہ العالی

سنی لائبریری
ادارہ دار التحقیق

https://ataunnabi.blogspot.com/

لوہے کے کڑے وغیرہ پہننا کیسا ہے؟

گزشتہ اوراق میں آپ نے سیاہ ماتمی لباس کے بارے میں پڑھا۔ اب ہم لوہے کے کڑے وغیرہ پہننے کے متعلق چند احادیث ذکر کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ بھی شیعوں کی مخصوص علامت ہے۔ لہٰذا ملاحظہ فرمائیے۔

فروع کافی:

عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قَالَ لَا تَجُوْزُ الصَّلٰوۃُ فِیْ شَیْءٍ مِّنَ الْحَدِیْدِ فَاِنَّہٗ نَجِسٌ مَّمْسُوْخٌ۔

(۱۔ فروع کافی جلد سوم ص ۴۰۰ کتاب الصلوۃ باب اللباس الذی یکرہ فیہ الصلوۃ الخ

۲۔ تہذیب الاحکام جلد دوم ص ۲۲۷ باب فی ما یجوز بہ الصلوۃ فیہ من اللباس الخ مطبوعہ تہران طبع جدید)

(۳۔ علل الشرائع باب ۵۰ ص ۳۴۸ العلۃ التی من اجلھا لا یجوز للرجل ان یختم بخاتم)

ترجمہ:

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ لوہے کی کوئی چیز پہن کر

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

نماز جائز نہیں ہوتی۔ کیونکہ وہ نجس اور بُری چیز سے مسخ کی ہوئی ہے۔

تہذیب الاحکام:

عن السکونی عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال قال رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یُصَلِّی الرَّجُلُ وَفِیْ یَدِہٖ خَاتَمُ حَدِیْدٍ۔

(۱۔ فروع کافی جلد سوم ص ۴۰۴ کتاب الصلوٰۃ باب اللباس الذی یکرہ فی الصلوۃ الخ مطبوعہ تہران طبع جدید)

(۲۔ تہذیب الاحکام جلد دوم ص ۲۲۷ باب فی ما یجوز الصلوۃ فیہ من اللباس الخ مطبوعہ طبع جدید تہران)

(۳۔ من لا یحضرہ الفقیہ جلد اول ص ۱۶۳ باب فی ما یصلی فیہ وما لا یصلی فیہ مطبوعہ تہران جدید)

ترجمہ:

سکونی نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہاتھ میں لوہے کی انگوٹھی پہن کر کوئی آدمی نماز نہ پڑھے۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

حدیث ۲:

من لا یحضرہ الفقیہ:

قَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ مَا طَھَّرَ اللّٰہُ یَدًا فِیْھَا حَلْقَۃُ حَدِیْدٍ۔

(من لا یحضرہ الفقیہ جلد اول ص ۱۶۴ باب فی ما یصلی فیہ و ما لا یصلی الخ مطبوعہ تہران طبع جدید طبع قدیم ص ۸۲ مطبوعہ لکھنؤ)

ترجمہ:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اس ہاتھ کو پاک نہیں کرے گا جس میں لوہے کی انگوٹھی ہے۔

حدیث ۳:

من لا یحضرہ الفقیہ:

رَوٰی عَمَّارُ السَّابَاطِیُّ عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ فِی الرَّجُلِ یُصَلِّیْ وَ عَلَیْہِ خَاتَمُ حَدِیْدٍ قَالَ لَا وَ لَا یَتَخَتَّمُ بِہٖ لِاَنَّہٗ مِنْ لِبَاسِ اَھْلِ النَّارِ۔

(من لا یحضرہ الفقیہ جلد اول ص ۱۶۴ باب فی ما یصلی فیہ و ما لا یصلی الخ مطبوعہ تہران طبع جدید طبع قدیم ص ۸۲ مطبوعہ لکھنؤ)

علل الشرائع باب ۵۷ ص ۳۴۸ / العلۃ من اجلھا لا یجوز ان یتختم بخاتم

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

ترجمہ:

عمار ساباطی نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔ آپ نے لوہے کی انگوٹھی پہننے شخص کے بارے میں نماز کا حکم بیان فرمایا۔ اور کہا اس کی نماز نہ ہوئی۔ اور یہ بھی فرمایا۔ کہ لوہے کی انگوٹھی نہ پہنی جائے۔ کیونکہ یہ دوزخیوں کا لباس (زیور) ہے۔

لمحہ فکریہ:

یہ چند احادیث۔ ان احادیث کا نمونہ ہیں۔ جن میں لوہے کی انگوٹھی کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ائمہ اہل بیت رضی اللہ عنہم کے ارشادات بیان کئے گئے۔ لوہے کی انگوٹھی سے نماز کا نہ ہونا، اس سے ہاتھ کی پاکیزگی جاتے رہنا اور اس کا دوزخیوں کا زیور ہونا کیا یہ عقوبات کم ہیں؟

لیکن ہمت اور حوصلہ کی داد دیتے ہیں۔ ہم "ملنگانِ علی"، کو انہوں نے ایک نہیں کئی کئی لوہے کی انگوٹھیاں پہن رکھی ہوتی ہیں۔ بلکہ انگوٹھی تو معمولی زیور ہے۔ ان کے بازوؤں پر اچھے خاصے وزنی کڑے ہوتے ہیں۔ اور کہنیوں تک بازو بھرے ہوئے ہوتے ہیں۔ کیا "محبانِ علی"، کو یہی زیب دیتا ہے۔ کہ وہ ہر فعل میں ائمہ اہل بیت کی مخالفت کریں؟ لباس سیاہ انہوں نے منع فرمایا۔ ان لوگوں نے اُسے زیب تن کیا۔ ماتم پر وعیدیں سنائیں۔ انہوں نے اسے سینہ سے لگایا۔ داڑھی بڑھانے کا کہا تو انہوں نے میدان صاف کر دیا۔ مونچھیں کٹوانے کو کہا تو انہوں نے منہ پر کانٹے بو لیے۔ لوہے کی انگوٹھی کو جہنمی زیور کہا ——— انہوں نے اپنی زینت بنایا۔ حاشا وکلا یہ سب امور ان کی محبت کی علامت نہیں۔ بلکہ ان سے بغض و عداوت کا مظہر ہیں۔ ائمہ اہل بیت جسے حلال کہیں۔ ان کے نزدیک، حرام ٹھہرے۔ اور جسے حرام کہیں وہ ان کی من پسند ہو۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

یں تو یہی کہوں گا۔ اللہ تعالیٰ انہیں سمجھ عطا فرمائے۔ اور یہ لوگ حضرات ائمہ اہل بیت کی مخالفت ترک کر کے سچے پکے ان کے غلام بن جائیں۔ اپنی دنیا اور آخرت برباد ہونے سے بچائیں۔

امین ثم امین

WWW.SUNNILIBRARY.COM
دفاع صحابہ و رد رافضیت
علماء اہل سنت کی تحقیقی کتب
فری ڈاؤن لوڈ
آن لائین پڑھیں۔

Click For More Books
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari